# مقدس بینا ڈکٹ (صدر راہب)

آپ 480 میں اٹلی کے مقام نوریسہ میں پیدا ہوئے۔ دورانِ تعلیم آپ کو اس بات سے شدید صدمہ پہنچا کہ ہر طرف بدامنی پھیلی ہوئی ہے۔ اِسی لیے آپ اپنے گھر کو خیر باد کہہ کر درویشانہ زندگی بسر کرنے کی غرض سے ایک غار میں جا بسے۔ آپ نے اس وقت کے عظیم مذہبی رہنماؤں سے بھی فیض حاصل کیا۔ اب آپ اپنی دُعائیہ اور سخت ریاضتی زندگی کی وجہ سے مشہور ہونے لگے۔ آپ کی پاکیزگی کا چرچہ یہاں تک ہونے لگا کہ دُور دُور سے لوگ آپ کے پاس آنے لگے۔ اس لیے آپ نے جگہ جگہ راہب خانے بنوانا شروع کر دیے۔ سن 529 میں آپ مونٹے کیسنو روانہ ہوئے۔ اور وہاں پر آپ نے ایک عظیم الشان راہب خانہ بنوایا جو بعد ازاں یورپ میں راہبانہ زندگی کا بڑا اور اہم مرکز بن گیا۔ آپ نے راہبانہ زندگی بسر کرنے کے لیے قواعد وضوابط اور قوانین بھی تحریر کیے جو کہ بعد میں بہت ساری مذہبی اور راہبانہ جماعتوں کے لیے رہنما اصول ثابت ہوئے۔

ان اصولوں کا نچوڑ کام، عبادت اور اِس کے ساتھ ساتھ مذہبی زندگی میں پختگی، کاملیت، خود انکاری، نفس کشی، ضبطِ نفس، ریاضت، حلیمی، تابعداری خاموشی اور دنیا داری سے لاپرواہی پر مبنی تھا۔ یہ قوانین آج بھی آپ کے نام کے حوالے سے ہی جانے جاتے ہیں۔ آپ خداوند یسوع مسیح سے محبت، حلیمی اور دانشمندی کی خوبی پر زور دیتے تھے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ آپ نے نہ صرف مردوں کے لیے بلکہ خواتین کے لیے بھی کانوینٹ قائم کیے جہاں

بہت ساری عورتیں راہبانہ زندگی بسر کرنے کے لیے آتی تھیں۔ آپ کی بہن سیکولاسٹیکا بھی ایک راہبہ اور راہب خانے کی انچارج تھیں۔ کلیسیا میں آپ کی بہن کو بھی مقدسہ ہونے کا درجہ حاصل ہے۔ جب آپ کا آخری وقت آیا تو آپ کو اُٹھا کر راہب خانے کے گرجا گھر میں رکھا گیا۔ وہاں آپ اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کئے اور دُعا کرتے ہوئے 21 مارچ 547 میں ابدی نیند سو گئے۔ آپ کی عید 11 جولائی کو منائی جاتی ہے۔

اے مقدس بیناڈکٹ

ہمارے واسطے دُعا کر!